سوال

دوران خطبہ میں سلام کا جواب دینا

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

جب خطیب خطبۂ جمعہ دے رہا ہو تو کوئی آدمی آ کر سلام عرض کرے تو کیا دوران خطبہ سلام کا جواب دینا حدیث سے ثابت ہے یا نہیں؟ وضاحت فرمائیں۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

نماز کی حالت میں سلام اور اس کا جواب، رسول اللہ ﷺ سے ثابت ہے اور آپ ﷺ کی وفات کے بعد صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے بھی۔ دیکھئے صحیح مسلم (540) سنن ابی داؤد (927)، السنن الکبری للبیہقی (ج2 ص259) اور مصنف ابن ابی شیبہ (ج2 ص74) وغیرہ۔

جب نماز میں سلام کا جواب جائز ہے تو دوران خطبہ میں بطریق اولی سلام کا جواب جائز ہے تو دوران خطبہ میں بطریق اولی سلام کا جواب جائز ہے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ علمیہ (توضیح الاحکام)

ج1ص444

محدث فتویٰ